

# والدین کے لیے وسائل:

## محکمئہ تعلیم (DOE) پبلک اسکولوں میں طلبا کے لیے ذیا بیطس کی نگہداشت

نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) اور اسکول کا دفتر برائے صحت (OSH) محکمئہ تعلیم کے ذیا بیطس کے حامل طلبا کے لیے ذیا بیطس کی نگہداشت فراہم کرتا ہے۔

اس خلاصے کے متعلق سوالات رکھنے والے والدین اپنے اسکول کے 504 رابطہ کار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ محکمئہ تعلیم 504 سہولیات کے بارے میں تفصیلات ذیل میں دی گئی ہیں:

**504 سہولیات:**

- طالب علم اور اہل خانہ کے لیے رہنما کتابچہ: https://www.schools.nyc.gov/docs/default-source/default-document-library/504-accommodations-student-and-family-guide
- چانسلر کا ضابطہ A-710 A https://www.schools.nyc.gov/docs/default-source/default-document-library/a-710.

### قانونی تصفیہ برائے ذیا بیطس

تعلیمی سال 2023-2022 میں، محکمئہ تعلیم نے محکمئہ تعلیم پبلک اسکولوں میں ٹائپ 1 یا ٹائپ 2 ذیا بیطس کے حامل طلبا کے لیے ذیا بیطس کی خدمات کو بہتر بنانے کے لیے قانونی مقدمہ حل کر لیا ہے۔ مقدمہ M.F., et al. v. New York City Department of Education, et al., Civil No. 18-CV-6109 کے متعلق مزید معلومات کے لیے https://www.schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness/staying-healthy/diabetes پر جائیں۔ تصفیہ معاہدہ کی 15 اگست 2026 تک قائم رہنے کی توقع ہے۔

یہ معلومات ذیابیطس کے حامل تمام طلبا اور طلبا کے والدین کے لیے ہے جنہیں محکمئہ تعلیم اسکولوں میں ذیابیطس سے متعلق دیکھ بھال درکار ہے۔ اس خلاصے اور تصفیے کے معاہدے کا اطلاق چارٹر اسکولوں، نجی اسکولوں یا پری اسکول پروگراموں میں شرکت کرنے والے طلبا پر نہیں ہوتا ہے۔

## میں اپنے بچے کے لیے اسکول میں شرکت کرنے کے دوران ذیا بیطس کی نگہداشت کی درخواست کس طرح کر سکتا ہوں؟

**<u>ان تمام تینوں فارمز کو</u>** درج ذیل کے مطابق جمع کروائیں۔

اپنے بچے کی اسکول کی عمارت میں اسکول نرس / طبی پیشہ ور کے پاس:

1. ذیا بیطس کی دوائی دینے کا فارم (DMAF) جو کہ آپ کے بچے کے صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ کے ذریعے مکمل کیا گیا ہو

اپنے اسکول کے 504 رابطہ کار کے پاس:

2. جُز 504 سہولیات والدین فارم کی درخواست بمعہ HIPAA مختار نامہ (آپ کے ذریعے مکمل کیا جانا چاہیئے)؛ اور
3. طبی سہولیات کا درخواست فارم جس کو آپ کے بچے کے صحتیاتی نگہداشت پیشہ ور کے ذریعے مکمل کیا جانا چاہیئے۔

تمام فارمز کو محکمئہ تعلیم کے صحتیاتی خدمات (https://www.schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness/health-services) اور 504 سہولیات (https://www.schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness/504-accommodations)کے ویب صفحات پر پایا جا سکتا ہے۔

آپ اپنے اسکول کے 504 رابطہ کار سے بھی فارمز کی گزارش کر سکتے ہیں۔

## میری مدد کون کرے گا؟

- اسکول کے پرنسپل اور تربیت یافتہ 504 رابطہ کار یہاں پر آپ کی مدد کرنے کے لیے موجود ہیں۔ ان کے نام، ای میل پتے، اور اسکول کے ٹیلیفون نمبر اسکول کے ذیل فائنڈ اے اسکول ویب صفحے پر درج ہیں: https://schoolsearch.schools.nyc/.
- اسکول نرس، اسکول کا دفترِ صحت کے ڈائریکٹر (https://auth-infohub.nyced.org/docs/default-source/default-document-library/health-director-contacts.pdf) اور
- جز 504 پروگرام مینیجر (212-782-4530, 504Questions@schools.nyc.gov)، بھی آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

## میرے بچے کے ذیابیطس کی نگہداشت منصوبہ کو کہاں پر قلم بند کیا جائے گا؟

آپ کے بچے کی ذیا بیطس کی نگہداشت کا منصوبہ DMAF میں اور **ذیابیطس 504 منصوبہ** میں ہو گا۔ ذیا بیطس 504 منصوبہ کو 504 ٹیم کے ذریعے تیار کیا جاتا ہے، جس میں آپ اور اسکول کے عملے (کے وہ ارکان) شامل ہوتے ہیں جو آپ کے بچے کے بارے میں علم رکھتے ہیں۔

**DMAF**: ذیا بیطس کی دوائی دینے کا فارم (DMAF) دوائی دینے کے حکم کا ایک فارم ہے جو آپ کے بچے کی ذیا بیطس سے متعلقہ ضروریات کی معلومات کو بیان کرتا ہے، جیسے کہ ہائپو اور ہائپر گلائسیمیا کا علاج کس وقت کیا جائے، انسولین کی خوارک کیسے دی جائے، اور گلوکاگون کس وقت دیا جائے۔ اس کو آپ کے بچے کے صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ (جیسے کہ ڈاکٹر یا  نرس پریکٹشنر یا ڈاکٹر کے معاون) کے ذریعے مکمل کیا جاتا ہے، اس پر آپ کے دستخط ہوں اور اسکول کے دفترِ صحت اس کا جائزہ لے چکا ہو۔ آپ کے بچے کا فراہم کنندہ آپ کے بچے کو یا تو نرس پر انحصار کرنے والا، زیرِ نگرانی (معاون پیشہ ور یا اسکول کے تربیت یافتہ عملے کے) یا خون میں گلوکوز کی مقدار کی نگرانی اور / یا (گلوکاگون کے علاوہ) دوائی دینے میں خودمختار کے طور پر تفویض کر سکتا ہے۔ صرف اسکول نرس، والدین / والدین کے تقرر کردہ، اور / یا طالبِ علم اگر یہ خود مختار ہیں، ان کو اسکول یا محکمئہ تعلیم (DOE) پروگرام یا سرگرمیوں میں شرکت کرنے کے دوران انسولین دینے/لینے کی اجازت ہے۔

**ذیا بیطس 504 منصوبہ:** 504 ٹیموں کو DOE کے ذیا بیطس کے منصوبے کے خاکے کو استعمال کرنا لازمی ہے جو https://www.schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness/staying-healthy/diabetes پر دستیاب ہے۔

منصوبے کو 504 ٹیم کے اجلاس کے اختتام پر مکمل اور منظور کیا جائے گا، جب بھی ممکن ہو، ہر تعلیمی سال کے اختتام سے قبل یا جتنے تواتر سے ضروری ہو اس کا جائزہ لیا جائے اور اس میں تجدید کی جائے۔

ذیا بیطس 504 منصوبہ ذیا بیطس کی ان صحتیاتی خدمات اور سہولیات کی وضاحت کرتا ہے جن کو آپ کا بچہ اسکول میں اور DOE کے پروگراموں اور سرگرمیوں میں حفاظت کے ساتھ شرکت کرنے کے لیے موصول کرے گا۔ مثال کے طور پر:

- اسکول کے عملے کے لیے ذیا بیطس سے متعلقہ نگہداشت کی تربیت۔
- خون میں گلوکوز کی سطح کی نگرانی کرنا اور گلوکوز کی کم یا اونچی سطح کے لیے ردِ عمل کرنا (مثلاً ایک معاون پیشہ ور کے ذریعے یا طالبِ علم کے کلاس روم میں اسکول کے دیگر عملے کے ذریعے)۔
- اسکول کے تفریحی دوروں (فیلڈ ٹریپس) اور اسکول کی کفالت کردہ دیگر سرگرمیوں کے دوران اسکول کے تربیت یافتہ عملے کے ذریعے ذیا بیطس نگہداشت۔
- طالبِ علم کے لیے ان کے ذیا بیطس کے آلے (آلات) تک رسائی اور پانی، کھانے یا باتھ روم تک فوری رسائی۔
- اسکول نرس یا طالبِ علم کے ذریعے انسولین دینا / لینا۔
- ہنگامی صورت میں گلوکوگان کی دوائی دینے کے لیے اسکول کا تربیت یافتہ عملہ یا اسکول نرس۔
- جیسے کہ ان کے 504 منصوبے میں بیان کیا گیا ہو اس کے مطابق رابطہ کرنے کی اجازت۔

اگر آپ کا DMAF کا حامل بچہ ایک  **انفرادی تعلیمی پروگرام** (IEP)**،** کے ذریعے خاص تعلیم خدمات موصول کرتا ہے یا ایک IEP کے لیے اس کی تشخیص کی جا رہی ہے تو یہ لازمی ہے کہ ان کی ذیا بیطس کی سہولیات کو قلم بند کرنے کے لیے ان کے پاس ان کے IEP کے علاوہ ایک علیحدہ ذیا بیطس 504 منصوبہ بھی ہو۔

**504 ٹیم:** 504 ٹیم اسکول میں ان افراد کی ٹیم ہے جو آپ کے بچے کو اور آپ کے بچے کی تعلیمی اور ذیا بیطس سے متعلقہ ضروریات کو جانتے ہیں۔ جہاں صحتیاتی خدمات کی درخواست کی گئی ہو، اسکول نرس، یا OSH رکن (مثلاً، برو نرسنگ ڈائریکٹر، نرسنگ مہتمم، ذیا بیطیس ٹیم کا رکن، صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ) کے لیے 504 ٹیم کا ایک رکن ہونا لازمی ہے۔ ٹیم میں آپ، والدین بھی شامل ہیں۔ ٹیم، 504 ٹیم اجلاس کہلائے جانے والے اجلاس میں شرکت کرتی ہے اور اس بات کی تشخیص اور فیصلہ کرنے کے لیے مل کر کام کرتی ہے کہ اسکول میں بچے کی ضروریات کیا ہیں، اور ان ضروریات کی تکمیل کرنے کے لیے اسکول کو کیا فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

## میرے بچے کے لیے اسکول میں ذیا بیطس کی خدمات موصول کرنے کا آغاز کرنے میں کتنا وقت لگے گا؟

**اسکول کے اجلاس:** اگر آپ کا بچہ پہلے سے ہی ذیا بیطس سے متعلقہ خدمات موصول کررہا ہے تو 504 رابطہ کار اگلے تعلیمی سال میں ذیا بیطس کی متعلقہ نگہداشت کے بارے ملاقات کرنے کے لیے آپ سے موسم بہار میں رابطہ کرے گا۔ آپ کے بچے کی ذیا بیطس کی نگہداشت کی ضروریات کے لیے جب بھی ممکن ہو گا اس اجلاس میں اور تعلیمی سال کے اختتام سے قبل ایک ذیا بیطس 504 منصوبے کو حتمی شکل دے دی جائے گی۔

اگر یہ پہلی مرتبہ ہے کہ آپ کے بچے کو ذیا بیطس کی متعلقہ نگہداشت کی ضرورت ہے تو جتنی جلد ممکن ہو، اور آپ کے DMAF کو جمع کروادینے کے بعد **5 اسکولی ایام** سے زیادہ نہیں، اسکول آپ سے اس بارے میں بات چیت کرنے کے لیے ملاقات کرے گا کہ ذیابیطس 504 منصوبہ کے منظور ہوجانے تک آپ کے بچے کی ذیا بیطس کی نگہداشت کی ضروریات کو کس طرح پورا کیا جائے گا تاکہ آپ کا بچہ فوری طور پر اسکول میں شرکت کرنے کے قابل ہو۔ ان ضروریات میں ذیل شامل ہو سکتی ہیں:

- ہائپو گلائسیمہ اور ہائپر گلائسیمیہ کے لیے عملے کی نشان دہی کرنا اور ان کو تربیت دینا، اور یہ یقینی بنانا کہ ایک نرس خون میں گلوکوز کی نگرانی کرنے اور انسولین دینے کے قابل ہے۔
- اسکولی دن کے دوران کھانے، پانی، اور باتھ روم تک رسائی جیسی سہولیات۔

اسکول آپ سے ذیل دورانیے کے دوران رابطہ کرتا ہے:
**5**
☐ اسکول کے دن

آپ کا 504 رابطہ کار ان سہولیات کے لیے آپ کی درخواست کرنے کے ***5* اسکول کے ایام کے اندر** آپ سے 504 ٹیم کا اجلاس شیڈول کرنے کے لیے تحریر میں رابطہ کرے گا جس کا انعقاد عموماً DOE کو آپ کے مکمل کردہ 504 درخواست فارم موصول ہونے کے ***15* اسکول کے ایام** کے اندر کیا جاتا ہے۔ آپ اور 504 ٹیم کے وہ دیگر ارکان جو آپ کے بچے کو جانتے ہیں (مثال کے طور پر، آپ کے بچے کا استاد، اور اسکول یا OSH نرس) اس اجلاس میں آپ کے بچے کے ذیا بیطس 504 منصوبے کو تیار کریں گے۔

**نرسنگ کی خدمات:** اگر آپ کے بچے کا جمع کروایا گیا DMAF واضح ہے اور نفاذ کے لیے تیار ہے، اسکول کی نرس ذیا بیطس کی خدمات کو **فوری طور پر** فراہم کرنے کا آغاز کریں گے۔

504 ٹیم اجلاس:
**15**
☐ اسکول ایام کے اندر

اگر آپ کے DMAF کے متعلق سوالات ہیں، یا آپ کے اسکول میں اسکول عملہ نرس کے بجائے عارضی / متبادل نرس ہے تو اسکول کا دفترِ صحت DMAF کا جائزہ لے گا اور زیادہ تر صورتوں میں یہ اس کو اگلے اسکولی دن تک اسکول نرس کو واپس بھیج دیں گے۔
DMAF جمع کروا دینے کے بعد (درخواست) کی حیثیت کی تازہ ترین معلومات کی درخواست کرنے کے لیے OSH DMAF کی ہاٹ لائن 718-786-4933 پر رابطہ کریں۔

تمام نرسیں ذیابیطس کی تربیت موصول کریں گے، بشمول بچے کی مخصوص ضروریات کے متعلق تربیت – مثال کے طور پر، ان کے گلوکوز (کی پیمائش) کے مستقل آلے یا دیگر آلات۔

**معاون پیشہ ور کی خدمات:** اگر 504 ٹیم یہ تعین کرتی ہے کہ آپ کے بچے کو ذیابیطس نگہداشت کے لیے معاون پیشہ ور کی ضرورت ہے تو فوری طور پر ایک معاون پیشہ ور کی نشان دہی کی جائے گی اور زیادہ تر صورتوں میں ***5* اسکول کے ایام کے اندر**، اور یہ لازمی ہے کہ ان کو تفویض کے ***10* اسکول کے ایام** کے اندر تربیت دی جانی چاہیئے۔

معاون پیشہ ور کی نشاندہی کی جاتی ہے:
**5**
☐ اسکول ایام کے اندر

معاون پیشہ ور کو تربیت دی جاتی ہے:
**10**
☐ اسکول ایام کے اندر

**اسکول کا تربیت یافتہ عملہ:** بچے کے لیے ذمہ دار DOE اسکول عملہ – جیسے کہ کلاس روم کا استاد، کوچ، DOE کلب مشیر – کی تربیت کے لیے نشان دہی 504 ٹیم کے اجلاس میں کی جائے گی۔ نشان دہی ہو جانے کے بعد، یہ ذیل کو مکمل کریں گے: ***10* اسکول کے ایام** کے اندر سطح 1 ذیا بیطس کی بنیادی تربیت؛ **15 اسکول کے ایام** کے اندر سطح 1 بمعہ گلوکاگان یا سطح 2 ذیا بیطس تربیت (بشمول خود موجودگی (اِن پرسن صلاحیتوں کی تربیت)۔

سطح 1 محکمۂ تعلیم کے عملے کو تربیت دی جاتی ہے:
**10**
☐ اسکول ایام کے اندر

سطح 2 محکمۂ تعلیم کے عملے کو تربیت دی جاتی ہے:
**15**
☐ اسکول ایام کے اندر

## کیا میرے بچے کو ان کی ذیابیطس کی ہر ایک نگہداشت کے لیے نرس کے دفتر میں جانے کی ضرورت ہو گی؟

**جی نہیں**۔ جو نگہداشت آپ کا بچہ موصول کرتا ہے یہ طالبِ علم کو جتنا زیادہ ممکن ہو اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ وقت صرف کرنے دیتی ہے، اس کا ہدف کلاس کے وقت میں حرج کو اور دیگر بچوں سے علیحدگی کو محدود کرنا ہے

504 ٹیم ایک ساتھ مل کر یہ فیصلہ کرتی ہے کہ آپ کے بچے کی ضروریات کی بہترین انداز میں تکمیل کرنے کے لیے نگہداشت کو کہاں فراہم کیا جانا چاہیئے۔ مثال کے طور پر، طالبِ علم کہاں پر انسولین موصول کرے گا اس کا انحصار مخصوص طالبِ علم پر ہے، اور ایسی کوئی پالیسی نہیں ہے جو یہ تقاضا کرتی ہو کہ ہر ایک طالبِ علم کو یہ طبی کمرے (میڈیکل روم) میں دی جائے۔

ایک طالبِ علم کو وسائل کی کمی کی وجہ سے نگہداشت کی (فراہمی) سے انکار نہیں کیا جا سکتا ہے جیسے کہ اسکول نرس کی دستیابی۔

## کیا DOE تفریحی دوروں (فیلڈ ٹرپس) میں اور اسکول بعد DOE سرگرمیوں میں ذیا بیطس کی نگہداشت فراہم کی جاتی ہے؟

جی ہاں۔ آپ کے بچے کا ذیا بیطس 504 منصوبہ ان خدمات کی وضاحت کرتا ہے جن کو یہ DOE فیلڈ ٹرپس اور DOE غیر نصابی سرگرمیوں

(جیسے کہ اسکول بعد سرگرمیاں، کھیل، کلبز، اور تقویتی پروگرام) میں موصول کرے گا۔ مثال کے طور پر معمول میں یا ہنگامی صورت میں ذیا بیطس کی نگہداشت فراہم کرنے کے لیے اس میں (نرس پر انحصار کرنے والے طلبا کے لیے) دورے پر نرس یا (زیرِ نگرانی یا خودمختار طلبا) تربیت یافتہ اسکول عملہ شامل ہو سکتا ہے۔

اسکول کے عملے کو آپ سے یہ تقاضا نہیں کرنا چاہیئے کہ آپ فیلڈ ٹرپ میں شرکت کریں۔ آپ سے یا آپ کے منتخب کردہ بالغ رشتہ دار / دوست سے **یہ تقاضا نہیں کیا جائے گا** کہ آپ کے بچے کے ساتھ تفریحی دورے یا غیر نصابی سرگرمی میں شرکت کریں لیکن یہ ایسا کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ اگر نرس یا اسکول کے عملے کا تربیت یافتہ رکن دستیاب نہیں ہے، اور آپ تفریحی دورے میں شرکت نہیں کر رہے ہیں، جب بھی ممکن ہو سکے پرنسپل تفریحی دورے کو مؤخر کر دے یا آخری کوشش کے طور پر اس وقت تک دورہ منسوخ کر دے جب تک کہ نگہداشت کا انتظام نہیں ہو جاتا۔

اسکول بعد DOE سرگرمیوں کے لیے، 504 ٹیم کی اس پروگرام کی نشان دہی کرنے کے **10 اسکول کے ایام** کے اندر انسولین دینے کے لیے ایک نرس دستیاب ہو گی، جہاں طالبِ علم کو انسولین دینا مطلوب ہے، اگر ضرورت ہوئی۔ جب بھی ممکن ہو فیصلہ ہو جانے پر ایک معاون پیشہ ور یا اسکول عملے کے دیگر رکن کی نشان دہی ***5* اسکول کے ایام** کے اندر اور فیصلہ ہو جانے کے بعد ***10* اسکول کے ایام** سے قبل کی جائے گی۔ مرکزی تربیت یافتہ عملے کے رکن کی عدم دستیابی کی صورت میں تربیت یافتہ عملے میں اضافی فرد شامل ہونا چاہیئے۔

اگر آپ کا بچہ ایک غیر محکمئہ تعلیم بعد از اسکول پروگرام میں شرکت کر رہا ہے، آپ 504 رابطہ کار سے پروگرام کے خود مختارانہ عدم امتیازیت کے تقاضوں کے تحت آپ کے بچے کے لیے سہولیات کی فراہمی کے لیے پروگرام کی قابلیت کے بارے میں اپنے کسی بھی خدشات کے لیے رجوع کر سکتے ہیں۔

## کیا نقل و حمل کی خدمات دستیاب ہیں؟

نقل و حمل کی خدمات کا جائزہ 504 ٹیم اجلاس میں لیا جاتا ہے جب ذیا بیطس 504 منصوبے کو مکمل کیا جا رہا ہوتا ہے۔
جب DMAF کا حامل طالبِ علم سفر کر رہا ہو تو ڈرائیور (کسی بھی قسم کی بس کا) اور نگران (صرف متخصص بس میں) سطح 1 بمعہ گلوکوگان کی تربیت موصول کریں گے۔ تربیت کے بعد، اسکول ڈرائیور اور نگران کو "فوری عمل کرنے کی رہنمائی" فراہم کرے گا جس میں طالبِ علم کی کم تا متوسط ہائپوگلائیسیمیہ علامات کی، ہائپوگلائیسیمیہ اور ہائپرگلائسیمیہ کی شدید عام علامات کی نشان دہی کرنا، طالبِ علم کے گلوکوگان کے نسخے کا فارم شامل ہو گا اور والدین کی جانب سے فراہم کردہ گلوکوگان، ذیابیطس کے لیے سنیکس، اور پانی کو بس میں سفر کے دوران طالبِ علم کے پاس کہاں (مثلا ان کے بستے کی سامنے والی جیب میں) رکھا جاتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے براہِ کرم اپنے اسکول کے 504 رابطہ کار سے رابطہ کریں۔ نقل و حمل (کی خدمات) کی اہلیت کی تفصیلات کے لیے ذیل پر جائیں https://www.schools.nyc.gov/school-life/transportation

